ہدایہ کتاب الطھارات

ششماہی اول *MCQ's*

معلم :- استاذ العلما مولانا سید خادم حسین مدنی

مرتب: نیاز رضا عطاری

جامعة المدینه فیضان احمد رضا

(1): ہدایہ شریف کے مصنف کا نام ہے ۔

1 ۔ '' برھان الدین '' 2 ۔ حسن بن علی 3 ۔ صلاح الدین 4 ۔ ابوبکر مرغینانی

(2): نقلی دلیل کو کہتے ہیں ۔

1 ۔ درایة 2 ۔ '' روایة '' 3 ۔ متن 4 ۔ شرح

(3): عقلی دلیل کو کہتے ہیں ۔

1 ۔ '' درایة '' 2۔ روایة 3۔ متن 4۔ شرح

(4): آیت وضو ہے ۔

1 ۔ دعوی 2 ۔ '' دلیل '' 3 ۔ حکم 4 ۔ سبب

(5): غسل نام ہے ۔

1 ۔ پھنچانے کا 2 ۔ '' دھونے کا '' 3 ۔ پینے کا 4 ۔ نہانے کا

(6): اسالہ کہتے ہیں ۔

1 ۔ '' دھونے کو '' 2 ۔ '' بہانے کو '' 3 ۔ نکالنے کو 4 ۔ پھنچانے کو

(7): مسح نام ہے ۔

1 - بہانے کا 2 - " پھنچانے کا " 3 - تَر کرنے کا 4 - ہاتھ ملنے کا

(8): مواجهة کا مشتق منه ہے -

1 - وجوه 2 - وجاهة 3 - " وجھ " 4 -وجاه

(9): کہنیاں اور ٹخنے امام زفر علیه الرحمه کے نزدیک غَسل میں ہے -

1 - داخل 2 - " خارج " 3 - سکوت 4 - کہنیاں داخل ہیں اور ٹخنے خارج

(10): احناف کے نزدیک کہنیاں اور ٹخنے غسل کے حکم میں ہیں -

1 - " داخل " 2 - خارج 3 - اختلاف ہے 4 - ٹخنے داخل ہیں اور کہنیاں خارج

(11): غاية مطلقاً مغية میں داخل نہیں ہوتی -

1 - " عند زفر " 2 - عند ابی یوسف 3 - عند محمد 4 - عند الاحناف

(12): لاوضو لمن لم یسم اس حدیث میں نفی ہے -

1 - " فضیلت کی " 2 - کمال کی 3 - وضو کی 4 - ثواب کی

(13): الاذنان من الرأس اس حدیث میں بیان ہے -

1 - " حکم شرعی " 2 - حکم استحبابی 3 - خلقت کا 4 - اسکے علاوہ

(14): داڑھی کا خلال سنت ہے ۔

1 ۔ عند ابی حنیفة 2 ۔ عند الشیخین 3 ۔ " عند ابی یوسف " 4 ۔ عند زفر

(15): داڑھی کا خلال جائز ہے ۔

1 ۔ عند ابی یوسف 2 ۔ " عند الطرفین " 3 ۔ عند زفر 4 ۔ عند الشافعی

(16): طھارۃ کی نیت وضو کرنے والے کے لیے ہے ۔

1 ۔ فرض 2 ۔ شرط 3 ۔ واجب 4 ۔ " مستحب "

(17): عند الاحناف وضو کی نیت کرنا ہے ۔

1 ۔ واجب 2 ۔ فرض 3 ۔ " سنت " 4 ۔ مباح

(18): وضو میں نیت کرنا شرط ہے ۔

1 ۔ عند الاحناف 2 ۔ " عند الشافعی " 3 ۔ عند زفر 4 ۔ عند الطرفین

(19): عند الاحناف وضو میں ترتیب قائم رکھنا ہے ۔

1 ۔ واجب 2 ۔ فرض 3 ۔ لازم 4 ۔ " سنت "

(20): ہدایہ میں نواقض وضو کی تعداد ہے ۔

1 ۔ " دس " 2۔ بارہ 3۔ پندرہ 4۔ بیس

(21): امام شافعی کے نزدیک غیر سبیلین سے نکلنے والی چیز ۔

1 ۔ ناقض للوضو ہے 2 ۔ ناقض للغسل ہے 3 ۔ " ناقض للوضو نہیں ہے " 4 ۔ اسکے علاوہ

(22): الوضو من کل دم سائل یہ دلیل ہے ۔

1 ۔ " احناف کی " 2 ۔ شوافع کی 3 ۔ حنابلہ کی 4 ۔ امام مالک کی

(23): قلیل و کثیر کے قے ناقض للوضو ہے ۔

1 ۔ " عند زفر " 2 ۔ عند ابی یوسف 3 ۔ عند الطرفین 4 ۔ عند الشافعی

(24): القلس حدث یہ دلیل ہے ۔

1 ۔ امام اعظم کی 2 ۔ امام شافعی کی 3 ۔ " امام زفر کی " 4 ۔ امام مالک کی

(25): لیس فی القطرۃ و القطرتین یہ حدیث دلیل ہے ۔

1 ۔ " احناف کی " 2 ۔ امام زفر کی 3 ۔ امام شافعی کی 4 ۔ امام احمد کی

(26): متفرق قے میں اتحاد مجلس کا اعتبار ہے ۔

1 ۔ عند محمد 2 ۔ " عند ابی یوسف " 3 ۔ عند ابی حنیفۃ 4 ۔ عند زفر

(27): متفرق قے میں اتحاد سبب کا اعتبار ہے ۔

1 ۔ " عند محمد " 2 ۔ عند ابی یوسف 3 ۔ عند ابی حنیفة 4 ۔ عند زفر

(28): بلغم کی قے ناقض للوضو نہیں ہے ۔

1 ۔ عند محمد 2 ۔ " عند الطرفین " 3 ۔ عند ابی حنیفة 4 ۔ عند زفر

(29): منه بھر بلغم کی قے ناقض للوضو ہے ۔

1 ۔ عند محمد 2 ۔ " عند ابی یوسف " 3 ۔ عند ابی حنیفة 4 ۔ عند الشوافع

(30): قهقهة فی الصلاة ناقض للوضو نہیں ہے ۔

1 ۔ عند الاحناف 2 ۔ " عند الشوافع " 3 ۔ عند زفر 4 ۔ عند محمد

(31): ہدایه میں غسل کے فرائض کی تعداد ہے ۔

1 ۔ دس 2 ۔ پانچ 3 ۔ چار 4 ۔ " تین "

(32): کلی کرنا اور ناک میں پانی چڑھانا یه غسل میں سنت ہے ۔

1 ۔ عند الاحناف 2 ۔ " عند الشوافع " 3 ۔ عند زفر 4 ۔ عند احمد

(33): صاحب ہدایه نے حضور ﷺ کے اغتسال کو نقل کیا ہے ۔

1 ۔ حضرت امی عائشہ سے 2 ۔ حضرت زینب سے 3 ۔ حضرت حفصة سے 4 ۔ " حضرت میمونة " رضی اللہ عنہن

(34): ہدایہ میں غسل توڑنے والی چیزوں کی تعداد ہے ۔

" چار " 2 ۔ چھ 3 ۔ سات 4 ۔ نو

(35): خروج منی جس طرح ہو غسل واجب کرے گا یہ قول ہے ۔

1 ۔ امام زفر کا 2 ۔ امام اعظم کا 3 ۔ " امام شافعی کا " 4 ۔ امام احمد کا

(36): الماء من الماء یہ حدیث دلیل ہے ۔

1 ۔ امام اعظم کی 2 ۔ " امام شافعی کی " 3 ۔ امام زفر کی 4 ۔ امام ابو یوسف کی

(37): صاحب قدوری کے نزدیک جمعہ کے دن غسل کرنا ہے ۔

1 ۔ " سنت " 2 ۔ مستحب 3 ۔ واجب 4 ۔ افضل

(38): امام مالک کے نزدیک جمعہ کے دن غسل کرنا ہے ۔

1 ۔ سنت 2 ۔ مستحب 3 ۔ " واجب" 4 ۔ نفل

(39): پانی کے باب میں غلبہ کا اعتبار ہوگا ۔

1 ۔ رنگ سے 2 ۔ بو سے 3 ۔ ذائقہ سے 4 ۔ " اجزا سے "

(40):جن جانداروں میں بہتا خون نا ہو انکا پانی میں مرجانا پانی کو نجس نہیں کرے گا ۔

1 ۔ " عند الاحناف " 2 ۔ عند الشوافع 3 ۔ عند المالکی 4 ۔ عند زفر

(41): مایعیش فی الماء کا مرجانا پانی کو نجس کردے گا ۔

1 ۔عند الاحناف 2 ۔ " عند الشوافع " 3 ۔ عند زفر 4 ۔ عند ابی یوسف

(42):خشکی اور سمندری مینڈک برابر ہے ۔

1 ۔" حکم میں " 2 ۔ علت میں 3 ۔ پیدائش میں 4 ۔ سبب میں

(43): صاحب قدوری نے ماء مستعمل کی تعریف بیان کی ہے ۔

1 ۔امام اعظم والی 2 ۔ " امام ابو یوسف والی " 3 ۔ امام محمد والی 4 ۔ امام زفر والی

(44):مردار کی کھال دباغت سے پاک نہیں ہوتی ۔

1 ۔عند الاحناف 2 ۔ عند الشوافع 3 ۔ " عند امام مالک " 4 ۔ عند زفر

(45):کچی کھال کو عربی میں کہتے ہیں ۔

1 ۔" ایھام " 2 ۔ ایھاب 3 ۔ ادیم 4 ۔ ادیب

(46): کتے کی کھال دباغت سے پاک نہیں ہوتی ۔

1 ۔ عند زفر 2 ۔ عند الاحناف 3 ۔ " عند الشافعی " 4 ۔ عند احمد

(47): کنویں کے مسائل مبنی ہیں ۔

1 ۔ قرآن پر 2 ۔ احادیث پر 3 ۔ قیاس پر 4 ۔ " آثار پر "

(48): کبوتر اور چڑیا کی بیٹ پانی کو نجس نہیں کرے گی ۔

1 ۔ " عند الاحناف " 2 ۔ عند الشوافع 3 ۔ عند زفر 4 عند ابی یوسف

(49): مأکول اللحم جانور کا پیشاب پاک ہے ۔

1 ۔عند ابی یوسف 2 ۔ عند الصاحبین 3 ۔ " عند محمد" 4 ۔ عند الشافعی

(50): چوہا اور اسکی مثل کنویں میں مرجائے تو نکالیں گے ۔

1 ۔" بیس سے تیس " 2 ۔ تیس سے پچاس 3 ۔ چالیس سے ساٹھ 4 ۔ ساٹھ سے اسی

(51): مرغی اور اسکی مثل کنویں میں مرجائے تو نکالیں گے ۔

1 ۔ بیس سے تیس 2 ۔ تیس سے پچاس 3 ۔ " چالیس سے ساٹھ " 4 ۔ ساٹھ سے اسی

(52): بکری اور آدمی کنویں میں مرجائے تو نکالیں گے ۔

1 ۔بیس سے تیس 2 ۔ تیس سے پچاس 3 ۔ چالیس سے ساٹھ 4 ۔ " کل پانی"

(53): کتے کے برتن میں منہ ڈالنے سے برتن سات بار دھوئیں گے ۔

1 ۔ عند زفر 2 ۔ " عند الشافعی " 3 ۔ عند الاحناف 4 ۔ عند احمد

(54): بلی کا جھوٹا طاہر غیر مکروہ ہے ۔

1 ۔" عند ابی یوسف " 2 ۔ عند الطرفین 3 ۔ عند الشیخین 4 ۔ عند الصاحبین

(55): طرفین کے نزدیک بلی جھوٹا ہے ۔

1 ۔ پاک 2 ۔ ناپاک 3 ۔ نجس 4 ۔ " مکروہ "

(56): آوارہ مرغی کا جھوٹا عند الاحناف ہے ۔

1 ۔" مکروہ " 2 ۔ حرام 3 ۔ نجس 4 ۔ طاہر غیر مکروہ

(57): مایسکن البیوت کا جھوٹا ہے ۔

1 ۔ غیر مکروہ 2 ۔ " مکروہ " 3 ۔ نجس 4 ۔ طاھر

(58): حمار کا جھوٹا امام محمد کے نزدیک ہے ۔

1 ۔ مشکوک 2 ۔ نجس 3 ۔ " طاھر " 4 ۔ مکروہ

(59): عند الاحناف سؤر حمار میں ترجیح حاصل ہے ۔

1 ۔ " نجس کو " 2 ۔ حلت کو 3 ۔ اباحت کو 4 ۔ مشکوک کو

(60): نبیذ تمر سے وضو جائز ہے ۔

1 ۔عند زفر 2 ۔ " عند ابی حنیفة " 3 ۔ عند الصاحبین 4 ۔ عند الشافعی

(61): لیلة الجن والا واقعه پیش آیا ہے ۔

1 ۔ پانچ بار 2 ۔ دو بار 3 ۔ " کئ بار " 4 ۔ ایک بار